اہل خانہ کے ساتھ ریاضی کی سرگرمیاں تلاش کریں

ذیلی دو سرگرمیاں بلڈنگ بلاکس نصاب سے لے کر بنائی گئی ہیں، عموماً پری کنڈرگارٹن کی تحقیقی کلاس رومز میں کی جاتی ہیں۔ یہ سرگرمیاں تین اور چار سالہ بچوں کے لیے بنائی گئی ہیں اورچند سامان کے ساتھ آسانی سے اہل خانہ یا نگہداشت فراہم کنندگان کے ساتھ گھر پر کی جا سکتی ہیں۔ انہیں مزے کرنے اور لطف اٹھانے اور ساتھ ہی گھریلو ترتیب میں بچوں کے فروغ میں مدد دینے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔

سرگرمی 1: میں شکلیں ڈھونڈ رہا ہوں

درکار سامان: کوئی نہیں۔

کیسے کھیلیں:

- اپنے بچے کو " میں ڈھونڈ رہا ہو" کے پرانے کھیل میں شکل کا اضافہ کر کے کھیلنے کا کہیں!
- باری لیتے ہوئے گھر میں آپ نظر آنی والی شکلوں کے بارے میں تھوڑی معلومات دیں مثال کے طور پر، " میں ایسی چیز ڈھونڈ رہا ہوں جو ایک مستطیل ہے۔" اس کے بعد، اپنے بچے کو سمجھنے میں مدد دیں کہ گھر پر کون سی چیز مستطیل ہے جسے آپ "ڈھونڈ" رہے ہیں۔
- جب بچے تیار ہو جائیں، بجائے اس کے کہ شکلوں کے نام لیے جائیں، اس شکل کے بارے میں تھوڑی سی معلومات دیں۔ مثال کے طور پر، "میں ایسی چیز ڈھونڈ رہا ہوں جس کے چار اطراف ہیں۔"

یہ کھیل کیوں؟

- ہمارے چاروں طرف اشکال ہیں! کھیلتے ہوئے شکلوں کے بارے میں بات کرنے اور شکلوں کو ماحول میں ڈھونڈنے سے بچوں کو جیومیٹری کی مضبوط بنیاد فراہم ہوتی ہے۔

سرگرمی 2: اتنا لمبا جتنا لمبا میرا ہاتھ

درکار سامان: ڈوری / دھاگے

کیسے کھیلیں:

- اپنے بچے کی ایک ڈوری کاٹنے میں مدد کریں جو اس کے ہاتھ کی لمبائی کے برابر ہو۔
- اپنے بچے کو دکھائیں کہ جس چیز کو آپ کا بچہ ناپنا چاہتا ہے کس طرح ڈوری کے ایک سرے کو اُس چیز کے کونے سے ملاتے ہیں۔
- گھر میں چھوٹی، لمبی یا اتنی ہی لمبی چیزیں تلاش کریں جو آپ کے بچے کے "ہاتھ" / ڈوری کی لمبائی جتنی ہوں۔
- آپ کا بچہ ایک گراف بنانا بھی چاہ سکتا ہے: ایک کاغذ کو تین حصوں میں موڑیں اور ہر حصے کو " لمبا"، "چھوٹا" ، "اتنا ہی" لکھا ہو۔ اپنے بچے سے ان اشیا کو انکے مناسبت کے حصے میں بنانا کا کہیں۔

یہ کھیل کیوں؟

- اس سے بچے دو چیزوں کو آپس میں براہ راست موازنہ کر کے یہ بتانا سیکھتے ہیں کہ کون سا بڑا / چھوٹا ہے۔ اس تحقیق کے دوران، بچے بالاخر دیکھ لیتے ہیں کہ چیزوں کی لمبائی جاننے کے لیے چیزوں کو احتیاط سے ایک طرف ملانے سے درستگی میں بہتری آتی ہے۔
- نوجوان بچے قدرتی طور پر ایسے مضامین میں دلچسپی رکھتے ہیں جو ان سے متعلق ہوں، لہٰذا ایسی چیزوں کو ناپنا جو ان کے ہاتھ جتنی لمبی ہوں، ترغیب دیتی ہے۔

All Explore Family Math Activities are adapted from Building Blocks, © Clements & Sarama, 2013, McGraw-Hill Education.

NYC Department of Education